© rasailojaraid.com

# تحریک پاکستان میں اقبال کا حصہ

رفیع الدین ہاشمی

مسلم لیگ نے ۱۹۴۰ء میں اپنی تاریخی قرار داد کے ذریعے حصول پاکستان کو اپنی سرگرمیوں کا منتہائے مقصود قرار دیا تو اس کے لئے باقاعدہ اور منظم کوششوں کا آغاز ہوا۔ مسلمانان ہند کو گراں خوابی سے بیدار کرنے اور حریت و آزادی کا راستہ دکھانے والے عظیم اسلامی مفکر شاعر مشرق علامہ اقبال اس تاریخی فیصلہ سے دوسال قبل ہی، ۱۹۳۸ء میں انتقال فرما گئے تھے — اس اعتبار سے حصول و قیام پاکستان کی جدوجہد میں علامہ اقبال کی خدمات کا جائزہ بادی النظر میں خارج از بحث نظر آتا ہے۔ لیکن تحریک پاکستان کا آغاز، دراصل قرار داد پاکستان سے تقریباً پون صدی قبل ہو چکا تھا۔

ہندو صدیوں تک مسلمانوں کے ماتحت رہے۔ مسلمانوں کا دور حکومت ختم ہوا تو قدرتی طور پر ان کے خلاف ہندوؤں کے جذبات ابھر کر سامنے آنے لگے۔ انگریزوں نے ہندوستان میں اپنی آمد کے ساتھ ہی اس صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان جذبات کو بھڑکانے کی کوشش کی اور اپنے نو آبادیاتی مقاصد و مفادات کی خاطر انھیں مسلمانوں کے مقابلے میں آگے بڑھانا شروع کیا۔ انگریزوں نے مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کے دل میں نفرت کے جو بیج بوئے تھے اس کا نتیجہ سب سے پہلے اس صورت میں ظاہر ہوا کہ ہندوؤں نے اردو کو مسلمان اردو اور ہندو اردو میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا حالانکہ اس سے پہلے وہ مسلمانوں اور ہندوؤں کی مشترکہ زبان تھی اور دونوں طبقوں میں یکساں طور پر سمجھی اور بولی جاتی تھی۔ مصنوعی طور پر اردو سے بعض الفاظ خارج

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرنے اور بعض الفاظ داخل کرنے اور رسم الخط کی تبدیلی کا آغاز ہوا۔ ایک ایسے پس منظر میں کہ برصغیر کے مسلمان اور ہندو باوجود اپنے اپنے علیحدہ مذہبوں، تہذیبوں، رسوم و رواج اور طور طریقوں کے، برسہا برس سے ایک پرامن ماحول اور خوشگوار فضا میں زندگی بسر کر رہے تھے، یہ فیصلہ کوئی معمولی فیصلہ نہ تھا۔ اس پر سر سید احمد خاں نے مخدوش مستقبل کا اندازہ لگاتے ہوئے ۱۸۷۶ء میں بڑی دلسوزی کے ساتھ کہا :

> ''اب مجھے یقین ہوگیا ہے کہ دونوں قومیں دل سے کسی کام میں شریک نہ ہوسکیں گی۔ ابھی تو بہت کم ہے۔ اس سے زیادہ مخالفت اور عناد ان لوگوں کے سبب، جو تعلیم یافتہ کہلاتے ہیں بڑھتا نظر آئے گا۔ جو زندہ رہے گا دیکھ لے گا —''۱

سر سید کے اس اعلان نے مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کے پوشیدہ تعصب اور بغض کی نشاندھی کردی تھی۔ اس وقت سے لیکر قرارداد پاکستان تک کے عرصہ میں برصغیر کے مسلمان زعماء و اکابر اور مسلم تحریکوں اور جماعتوں کی سرگرمیوں اور کوششوں کا باوجود اس کے کہ بعض اوقات ان کی سرگرمیاں اسلامی مقاصد سے ہٹی ہوئی نظر آتی ہیں اور اکثر ان میں واضح تناقض بھی ملتا ہے اور یہ بھی درست ہے کہ حصول پاکستان ان کا واضح نصب العین نہ تھا — پھر بھی کسی نہ کسی حد تک تحریک پاکستان میں ان کا دخل ضرور ہے — اس اعتبار سے تحریک پاکستان میں علامہ اقبال کا بھی ایک نمایاں اور قابل لحاظ حصہ ہے۔

برصغیر کے مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور اجتماعی سربلندی کے لئے جن لیڈروں اور جماعتوں نے مختلف اوقات میں کام کیا ان میں علامہ اقبال کا کام اس لحاظ سے زیادہ اہم ہے کہ جہاں دوسرے افراد اور جماعتیں بسااوقات

---

۱ - بحوالہ ''الزبیر'' تحریک آزادی نمبر - بہاول پور - ۱۹۷۰ء ص ۲۲۱

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنے مقاصد کے بارے میں یکسو نہ تھیں، وہاں علامہ مرحوم کے ذہن میں بالکل ابتدا سے ایک متعین اور واضح نصب العین موجود تھا۔ یہ درست ہے کہ علامہ اقبال کی سوچ اور ان کی فکر میں ایک تدریجی ارتقاء پایا جاتا ہے اور اسی وجہ سے بعض لوگ ان کے افکار میں تضاد و تناقض کی نشاندھی کرتے ہیں۔ لیکن اس بارے میں یقیناً دو رائیں نہیں ہوسکتیں کہ برصغیر کی ملت اسلامیہ کی بھلائی، بیداری اور آزادی کے سلسلے میں اقبال کا ذہن ابتدا ہی سے بہت صاف تھا۔ یقیناً وہ مسلمانوں کی اجتماعی سربلندی اور اسلام کا غلبہ چاہتے تھے۔

اول انہیں ہندوستان کی غلامی کا سخت قلق تھا۔ فرماتے ہیں:

"ہندوستان کی سیاسی غلامی تمام ایشیا کے لئے لامتناھی مصائب کا سرچشمہ ہے۔ اس نے مشرق کی روح کو کچل ڈالا ہے اور اسے اظہار ذات کی اس مسرت سے محروم کردیا ہے جس کی بدولت کبھی اس میں ایک بلند اور شاندار تمدن پیدا ہوا تھا —"۱

دوم (آزادی کے بعد) وہ ہندوستان کو اسلام کا گہوارہ بنانے کے آرزو مند تھے — لکھتے ہیں:

"مسلمان ہونے کی حیثیت سے انگریز کی غلامی کے بند توڑنا اور اس کے اقتدار کا خاتمہ کرنا ہمارا فرض ہے اور اس آزادی سے ہمارا مقصد یہی نہیں کہ ہم آزاد ہوجائیں بلکہ ہمارا اول مقصد یہ ہے کہ اسلام قائم رہے اور مسلمان طاقت ور بن جائیں —"۲

علامہ مرحوم کی انہی دو آرزوؤں کو بعد میں تحریک پاکستان کا نام ملا جو آخر کار قیام پاکستان پر منتج ہوئی۔

---

۱ - حرف اقبال (مرتبہ: لطیف احمد شیروانی) لاہور - ۱۹۴۷ء - ص ۵۶

۲ - مقالات اقبال - (مرتبہ: سید عبدالواحد معینی) لاہور - ص ۲۳۷

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علامہ اقبال نے عملی سیاست میں بہت کم حصہ لیا۔ دراصل مزاج اور افتاد طبع کے اعتبار سے وہ عملی اور سیاسی آدمی تھے ہی نہیں ۔ ان کی شخصیت ایک مفکر اور فلسفی کی شخصیت تھی۔ تحریک پاکستان میں علامہ نے جو رول ادا کیا ، اس میں ان کا نظری اور فکری حصہ بمقابلہ عملی اور سیاسی رول کے بہت نمایاں ہے۔

بر صغیر میں احیائے اسلام کے سلسلے میں علامہ کے کام کے تین مرحلے ہیں اور ان کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ ان میں پہلا مرحلہ وہ ہے جب اقبال نے مسلمانوں کے اندر مسلمان ہونے کا احساس پیدا کرنے اور انھیں خواب غفلت سے جگانے کی کوشش کی۔ دوسرے مرحلے میں انھوں نے دو قومی نظریے کو ایک حتمی اور مستقل اصول کے طور پر پیش کرکے پاکستان کے لئے ٹھوس نظریاتی بنیادیں فراہم کیں ۔ تیسرے مرحلے میں علامہ نے مسلم لیگ کو ایک علیحدہ اسلامی مملکت کی راہ سجھائی اور لیگ میں شامل ہوکر براہ راست اسے فیض پہنچایا ۔اس تیسرے مرحلے میں حصہ لینے کے لئے علامہ کو خاطر خواہ موقع نہ ملا اور یوں بھی جیسا کہ اوپر ذکر ہوا، وہ عملی سیاست کے آدمی نہ تھے۔ اس لئے تحریک پاکستان میں ان کا حصہ پہلے دو مرحلوں میں زیادہ نمایاں ہے ۔

ایک ہم عصر مفکر کے الفاظ میں چار پانچ سو سال تک مسلمان اپنے بزرگوں کے بچھائے ہوئے بستر پر آرام سے سوتے رہے اور مغربی قومیں اپنے کام میں مشغول رہیں ۔ اس کے بعد دفعۃً مغربی اقتدار کا سیلاب اٹھا اور ایک صدی کے اندر اندر تمام روئے زمین پر چھا گیا۔ نیند کے مارے آنکھیں ملتے ہوئے اٹھے تو دیکھا کہ مسیحی یورپ قلم اور تلوار دونوں سے مسلح ہے اور دونوں طاقتوں سے دنیا پر حکومت کررہا ہے — یوں مسلمانوں کا دور زوال و انحطاط اسی قدر عبرت انگیز تھا، جس قدر شاندار اور قابل فخر ان کا دور عروج تھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ پریشاں نظری، بے خبری، کم نگاہی، کور ذوقی، زوال علم و عرفان، باہمی مناقشت، تن آسانی، عیش پسندی، جاہ طلبی، مفاد پرستی اور ان تمام مذموبات کا شکار ہوئے جن سے زوال پذیر قومیں دوچار ہوتی ہیں — ہمہ پہلو انحطاط کے دور میں انھوں نے اپنے مسلمان ہونے اور خیر امت ہونے کی حیثیت کو بھی بھلا دیا۔ تحریک پاکستان کے پہلے اور ابتدائی مرحلے میں اقبال نے مسلمانوں کو ان کا مسلمان ہونا یاد دلایا۔ ان کی اس دور کی شاعری اور نثر میں مسلمانوں کے شاندار ماضی کے تذکرے، اور عظمت رفتہ کے قصے ملتے ہیں، موجودہ زبوں حالی کا ماتم ہے اور مستقبل میں ایک تابناک اور روشن منزل تک پہنچنے کی راہ عمل دکھائی گئی ہے — اس دور میں اقبال کی انتہائی کوشش یہ رہی ہے کہ ملت اسلامیہ کے اندر احساس زیاں پیدا کریں اور اس کے ساتھ ہی ان کے دلوں کو ایمان و یقین کے نور سے روشن کریں۔

ہاتھ بے زور ہیں، الحاد سے دل خوگر ہیں
امتی باعث رسوائی پیغمبر ہیں
بت شکن اٹھ گئے باقی جو رہے بت گر ہیں
تھا براہیم پدر اور پسر آذر ہیں

---

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

---

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہوکر
اور تم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر

---

کبھی اے نوجواں مسلم، تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سر دارا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار، تو ثابت وہ سیارا

---

پھول بے پروا ہیں تو گرم نوا ہو یا نہ ہو
کارواں بے حس ہے، آواز درا ہو یا نہ ہو

---

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساس زیاں جا تا رہا

---

خدائے لم یزل کا دست قدرت تو زباں تو ہے
یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے

---

پرے ہے چرخ نیلی فام سے منزل مسلماں کی
ستارے جس کی گرد راہ ہوں وہ کارواں تو ہے
مکاں فانی، مکیں آنی، ازل تیرا، ابد تیرا
خدا کا آخری پیغام ہے تو جاوداں تو ہے

---

جب اس انگارۂ خاکی میں ہوتا ہے یقیں پیدا
تو کر لیتا ہے یہ بال و پر روح الامیں پیدا

---

کوئی اندازہ کرسکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

---

آسماں ہوگا سحر کے نور سے آئینہ پوش
اور ظلمت رات کی سیماب پا ہو جائے گی

---

شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن معمور ہوگا نغمۂ توحید سے

ملت کے اندر احساس زیاں کے خاتمے کا ایک بڑا سبب مغرب کا فکری اور مادی غلبہ و استیلا تھا ۔ اقبال نے مغرب سے مرعوبیت کو اور مغرب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پرستی کو دور کرنے کی کوشش کی۔ اس سلسلے میں انھوں نے مغربی فلسفہ کی گمراہی، تہذیب مغرب کی غلط اندیشی اور اس کے کھوکھلے پن کو بے نقاب کیا — وہ مغربی فکر و فلسفہ کے ” محرم راز درون میخانہ،، تھے۔ ان کی ضرب براہیمی نے مغربیت کے بت کو پاش پاش کرنے میں اہم رول ادا کیا:

دیار مغرب کے رہنے والو، خدا کی بستی دکاں نہیں ہے
کھرا جسے تم سمجھ رہے ہو، وہ اب زر کم عیار ہوگا
تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا، ناپائدار ہوگا

بیسویں صدی کے آغاز میں جب سلطنت برطانیہ پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا اور بحیثیت مجموعی یورپی استعمار پوری دنیا پر اپنے استبدادی پنجے گاڑے ہوئے تھا، مغرب پر ایسی تنقید، ایسی بھر پور چوٹ، ایسا واشگاف چیلنج اور بصیرت سے بھر پور ایسی پیش گوئی اقبال ہی کا کام تھا۔ پورے برصغیر میں (اکبر کے بعد) علامہ ہی وہ واحد شخص تھے جو مغرب پر اس یقین و اعتماد کے ساتھ تنقید کرتے ہوئے مسلمانوں کے تعلیم یافتہ طبقے کے دل و دماغ سے انگریز پرستی اور اسلام کے بارے میں ان کے معذرت خواہانہ رجحانات کو کھرچ کھرچ کر صاف کررہے تھے۔ ان کی پوری ملی اور قومی شاعری اس کی آئینہ دار ہے۔

اس کے ساتھ ہی علامہ نے اسلام کے حقیقی تصور کو اجاگر کیا جس میں دین و سیاست کی ہم آہنگی سب سے اہم نکتہ تھا۔ مسلمانوں کا تصور مذہب فقط چند عقائد اور ظاہری عبادات تک محدود تھا۔ اگر اس بگڑے ہوئے تصور کی اصلاح نہ کی جاتی تو مسجد کی چاردیواری سے باہر ان کے شب و روز بدستور تنور نگاہی اور غلامانہ ذہنیت کے حصار میں مقید رہتے۔ وہ کبھی آزادی کی منزل تک نہ پہنچ پاتے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقبال کی شاعری میں جو مختلف اشارات و اصطلاحات اور تصورات و نظریات ملتے ہیں، خواہ وہ عشق اور فقر کے تصورات ہوں یا خودی اور مرد کامل کے نظریات — سب ذریعہ ہیں مسلمانوں کو ''زندگی کے صحیح مفہوم سے آشنا کرنے،، کا — لہذا تحریک پاکستان میں پہلے مرحلے پر علامہ اقبال کا حصہ یہ ہے کہ انہوں نے مسلمانوں کی ذہنی اصلاح کے ذریعے ان کے طرز فکر و احساس میں انقلاب برپا کیا۔ تحریک پاکستان کے سلسلے میں علامہ اپنی اس شعوری کوشش کے بارے میں فرماتے ہیں:

''میں نے مسلمانوں کو زندگی کے صحیح مفہوم سے آشنا کرنے، اسلاف کے نقش قدم پر چلانے اور ناامیدی، بزدلی اور کم ہمتی سے باز رکھنے کے لئے نظم کا ذریعہ استعمال کیا — میں نے پچیس سال تک اپنے بھائیوں کی مقدور بھر ذہنی خدمت کی —،،[۹]

مسلمانوں کے اندر مسلمان ہونے کا احساس و شعور پیدا ہوا۔ دین کے جامد تصورات کا طلسم ٹوٹا۔ دین و سیاست میں ہم آہنگی کا تصور ذہنوں میں راسخ ہوا تو مسلمانوں کے اندر عقائد و عبادات کی حد تک ہی نہیں، سیاست و ثقافت اور زندگی کی تمام عملی سرگرمیوں میں بھی ہندوؤں سے اپنے اختلاف اور علیحدگی کا احساس پیدا ہونے لگا۔ اس طرح اقبال کے طرز فکر نے ان کے ہاں ملی تشخص کو اور گہرا کردیا جس کی نشان دہی ۱۸۶۷ء میں سر سید احمد خاں نے کی تھی۔ لیکن ابھی تک دو قومی نظریہ، قومی زندگی میں ایک مستقل اور حتمی اصول کی حیثیت سے طے شدہ نہ تھا۔ مسلم لیگ کے نزدیک بھی دو قومی نظریہ ایک وقتی اور قابل مصالحت چیز تھی۔ اسی لئے ۱۹۲۷ء کی دلی تجاویز میں لیگ جداگانہ انتخاب کے اصول سے (مشروط طور پر) دستبردار ہو گئی تھی۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ اقبال نے مسلم لیگ کے دو دھڑوں میں

---

۹۔ گفتار اقبال (مرتبہ: محمد رفیق افضل) لاہور۔ ۱۹۶۹ء۔ ص ۱۶

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے شفیع لیگ کا ساتھ دیا کیونکہ جناح لیگ کے برعکس وہ جدا گانہ انتخاب کے موقف پر قائم رہی ۔ تحریک پاکستان میں ایک موثر کردار کے دوسرے مرحلے میں علامہ مرحوم نے دو قومی نظریہ کی بھر پور وکالت کرتے ہوئے یہ بات حتمی طور پر طے کرادی کہ مسلمان مسجد میں ہوں یا پارلیمینٹ میں، ہر جگہ اور ہمیشہ ہندوؤں سے بالکل ایک جدا ملت ہیں ۔ ان کا یہ کارنامہ اس لئے اہم ہے کہ بعد میں یہی اصول (دو قومی نظریہ) مسلم لیگ کے مطالبۂ پاکستان کی بنیاد بنا ۔ گویا علامہ نے ہی مسلم لیگ کو نظریاتی بنیاد فراہم کی ۔ ورنہ ۱۹۰۶ء میں قائم ہونے والی مسلم لیگ کے مقاصد میں کہیں اس کا اشارہ نہیں ملتا — اس طرح یہ کہنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں کہ مسلم لیگ کی بنیاد صحیح معنوں میں علامہ نے ہی رکھی ۔

اس مرحلے میں علامہ کا ایک اور اہم کام فلسفۂ وطنیت کی تردید ہے ۔ انہوں نے کانگریس کے متحدہ قومیت کے نظریے پر، جسے مسلم علماء کے بعض حلقوں کی طرف سے سند جواز عطا کی گئی تھی، تنقید کرکے بدلائل اس کے تار و پود بکھیر دئیے ۔ مولانا حسین احمد مدنی رح سے علامہ کی بحث اس سلسلے کی اہم کڑی ہے ۔

اس پر آشوب دور میں ہندوستان کے حالات جس رخ پر جارہے تھے، ان کے پیش نظر محض دو قومی نظریے کا احقاق اور نظریہ وطنیت کا ابطال کافی نہ تھا ۔ مصائب و مشکلات سے بھر پور، آنے والے دنوں کے لئے بھی کچھ سوچنا، کچھ فکر کرنا ضروری تھا ۔ ان کی خدا داد بصیرت مسلمانوں کے مخدوش مستقبل کو دیکھ کر مضطرب ہو رہی تھی جس کا اظہار دوستوں اور بزرگوں کے نام خطوں میں بار بار کیا :

"کبھی موقع ہوتا ہے تو دل کا دکھڑا آپ کے پاس روتا ہوں ۔ یہاں لاہور میں ضروریات اسلامی سے ایک متنفس بھی آگاہ نہیں ۔ یہاں انجمن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور کالج اور دیگر مناصب کے سوا اور کچھ نہیں ۔ پنجاب میں علماء کا پیدا ہونا بند ہوگیا ہے اور اگر خدا تعالی نے کوئی خاص مدد نہ کی تو آئندہ بیس سال نہایت خطرناک نظر آتے ہیں،،

(بنام اکبر الہ آبادی)۱

''میں علی وجہ البصیرت کہتا ہوں اور سیاسیات حاضرہ کے تھوڑے سے تجربے کے بعد کہ ہندوستان کی سیاسیات کی روش جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے، خود مذہب اسلام کے لئے ایک خطرۂ عظیم ہے --،،
(بنام میر غلام بھیک نیرنگ)

یہی اضطراب، مستقبل کے خدشات اور ملت کی طرف سے ذمہ داری کا احساس وہ زبردست محرک تھا جو علامہ کو عملی سیاست میں لے آیا ۔ جب وہ احباب کے پیہم اصرار پر پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے امیدوار کی حیثیت سے کھڑے ہوئے تو اس موقع پر انھوں نے اعلان کیا :

''مسلمانوں کو معلوم ہے کہ میں اب تک اس قسم کے مشاغل سے بالکل علیحدہ رہا ۔ محض اس لئے کہ دوسرے لوگ یہ کام انجام دے رہے تھے اور میں نے اپنے لئے دوسرا دائرہ کار منتخب کرلیا تھا لیکن اب قوم کی مصیبتیں مجبور کر رہی ہیں کہ میں اپنا حلقۂ عمل قدرے وسیع کر دوں ۔ شاید میرا ناچیز وجود اس طرح اس ملت کے لئے زیادہ مفید ہوسکے ۔ جس کی خدمت میں میری زندگی کے تمام لیل و نہار گذرے ہیں --،،۲

پنجاب کونسل کی ممبری کے تین سالہ دور میں اقبال نے مسلمانوں اور اہل پنجاب کے لئے بہت سی مفید خدمات انجام دیں ۔ اسی زمانہ سے تحریک

---

۱ ۔ اقبال نامہ ۔ جلد اول ۔ (مرتبہ : شیخ عطاء اللہ) لاھور ۔ ص ۴۸

۲ ۔ گفتار اقبال ۔ ص ۱۰

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاکستان میں علامہ کے کام کا تیسرا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

اس مرحلہ میں علامہ نے الہ آباد میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ دسمبر ۱۹۳۰ء میں ہندوستانی مسلمانوں کے لئے ایک الگ مملکت کا مطالبہ پیش کیا۔ اس تاریخی خطبے میں علامہ اقبال نے فرمایا :

''ہندوستان کی سیاسی زندگی نے ایک نہایت نازک صورت اختیار کرلی ہے ـــ اسلام پر ابتلا و آزمائش کا ایسا سخت وقت نہیں آیا جیسا کہ آج درپیش ہے ـــ مسلمانوں کا مطالبہ کہ ہندوستان میں ایک اسلامی ہندوستان قائم کیا جائے، بالکل حق بجانب ہے ـــ میری خواہش ہے کہ پنجاب، صوبہ سرحد، سندھ بلوچستان کو ایک ہی ریاست میں ملا دیا جائے۔ خواہ یہ ریاست سلطنت برطانیہ کے اندر حکومت خود اختیاری حاصل کرے خواہ اس کے باہر — مجھے تو ایسا نظر آتا ہے کہ اور نہیں تو شمالی مغربی ہندوستان کے مسلمانوں کو آخر ایک منظم اسلامی ریاست قائم کرنی پڑے گی ـــ ہندوستان دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے اور اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام بحیثیت ایک تمدنی قوت کے زندہ رہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص علاقے میں اپنی مرکزیت قائم کرسکے ـــ میں صرف ہندوستان اور اسلام کی فلاح و بہبود کے خیال سے ایک منظم اسلامی ریاست کا مطالبہ کر رہا ہوں —''[۱]

بعض مورخوں اور سیاست‌دانوں کے نزدیک پاکستان کا تصور علامہ اقبال کا پیش کردہ نہیں ہے[۲] جو کچھ تصور انھوں نے دیا وہ درحقیقت پاکستان کا خام سا ابتدائی خاکہ ( Rough First Sketch ) تھا۔ یہ بات اس اعتبار

---

۱- حرف اقبال۔ ص ۱۷ تا ۳۱

۲- ڈاکٹر وحید الزماں۔ Towards Pakistan - ص ۱۳۷

۳- آئن سٹیفن۔ ''پاکستان''۔ Pakistan - لندن ۱۹۶۷ء۔ ص

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے غلط نہیں کہ علامہ اقبال سے بہت پہلے عبدالقادر بدایونی۱، مولانا عبدالحلیم شرر، ولایت علی بمبوق اور خیری برادران تقسیم ھند کی تجویز پیش کر چکے تھے۲ اور اس کے بعد بھی اس طرح کی تجویزیں سر عبداللہ ہارون، ڈاکٹر لطیف، سر سکندر حیات، سید ظفر الحسن، ڈاکٹر قادری، مولانا مودودی اور چودھری خلیق الزماں وغیرہ نے پیش کیں۳ یہ بھی ممکن ہے کہ علامہ اقبال کے ذھن میں ایک آزاد اسلامی مملکت کا ویسا تصور نہ ہو، جیسے ایک خاص شکل میں مسلم لیگ نے ۱۹۴۷ء میں قبول کیا اور جس کے مطابق پاکستان معرض وجود میں آیا۔ اس امکان کو ممتاز حسن کی ایک روایت سے بھی تقویت پہنچتی ہے۔ ممتاز حسن کو یہ پریشانی لاحق تھی کہ علامہ اقبال نے یہ کیوں کہا کہ ان کی مجوزہ مسلم ریاست، سلطنت برطانیہ کے اندر رہے۔ ایک ملاقات میں انھوں نے علامہ سے اس ضمن میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا ''جس طرح مجھ کو تاریخی عوامل کے تحت مسلم ریاست کا قیام ناگزیر نظر آرہا ہے اس طرح کم از کم اس وقت تو مجھ کو یہ نظر نہیں آتا کہ وہ سلطنت برطانیہ کے اندر ہوگی یا باھر ــ،،۴ لیکن جس زمانے میں اور جس موقع پر یہ بات کہی گئی، اس کی نزاکت اور تقاضا علامہ مرحوم کی تجویز کو، خواہ وہ کسی بھی شکل میں تھی، بے حد اہم بنا دیتا ہے۔

انھوں نے اس زمانے میں بار بار اس اضطراب کا اظہار کیا کہ اگر اس وقت مسلمان نہ سنبھلے تو ان کا مستقبل بہت مخدوش اور تاریک ہو جائے گا۔ ہندوستان کے سیاسی حالات، مسلم جماعتوں اور مسلم اکابر و زعماء کی روش کو دیکھا جائے تو علامہ کے اضطراب اور ان کی تجویز کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

---

۱۔ بحوالہ عبدالحمید کمالی۔ اقبال ریویو، کراچی۔ جنوری ۱۹۷۳۔ ص ۵

۲۔ پروفیسر محمد ایوب۔ ''الزبیر،، تحریک آزادی نمبر۔ ص ۲۳۵

۳۔ شریف الدین پیر زادہ Evolution of Pakistan ص ۲۰۸

۴۔ ماہ نو۔ اقبال نمبر۔ کراچی ۱۹۷۰ء ص ۲۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمان ۲۰،۱۹ برس سے شدید انتشار اور مایوسی کا شکار تھے۔ مسلمانوں کی پندرہ سے زائد جماعتیں بن چکی تھیں ۱ ایک طرف شدھی کی تحریک (۱۹۲۵ء) شروع ہو چکی تھی اور دوسری طرف مسلمانوں کے اندر کھلم کھلا بے دینی اور الحاد کی تبلیغ کی جارہی تھی۔ مسلمانوں کا سیاسی وزن تقریباً ختم ہوچکا تھا۔ مسلمانوں کی بے وقعتی کو دیکھتے ہوئے گاندھی جی نے ۱۹۲۹ء میں اعلان کردیا کہ میں آزادی کی جنگ لڑوں گا: تم ساتھ آؤ تو تمہیں ساتھ لیکر، تم نہ آؤ تو تمہارے بغیر اور تم مزاحمت کرو تو تمہاری مزاحمت کے باوجود۔ قائداعظم ہندوستان کے سیاسی حالات سے اس قدر بددل ہوئے کہ ترک وطن کرکے لندن میں اپنا مکان خرید لیا تھا۔ مسلم لیگ سخت ابتری اور انتشار و افتراق کا شکار تھی۔ سید نور احمد کے بقول:

''مسلم لیگ کا پلیٹ فارم طفلانہ حرکتوں کا میدان بن گیا تھا ۔۔۔ مسٹر جناح کی غیر حاضری میں مسلم لیگ صرف ایک سالانہ اجلاس دسمبر ۱۹۳۰ء میں سنجیدہ طریق پر کر سکی ۔۔،،۲

مگر ''اس سنجیدہ طریق،، کا بھی یہ عالم تھا کہ الہ آباد سیشن میں جہاں اقبال نے اپنا تاریخی خطبہ دیا، ممبران کی تعداد اس قدر قلیل تھی کہ کورم بھی پورا نہ ہوا تھا۳۔ ان مایوس کن حالات میں اقبال کی الہ آباد سیشن میں شرکت، اجلاس کی صدارت اور ایک تاریخی تقاضے کے تحت علیحدہ اسلامی مملکت کی تجویز، مسلمانان ہند کے لئے یہ ایک بہت بڑا سہارا تھا۔ اس طرح اقبال نے ایک بے حد یاس انگیز فضا میں ایک بلند مقصد کی نشاندھی کر کے مسلمانوں کے دل میں نہ صرف زندہ رہنے بلکہ آزادی کے لئے جدوجہد کی جوت جگادی۔

---

۱- ڈاکٹر جاوید اقبال - مئے لالہ فام ص ۷۵
۲- مارشل لاء سے مارشل لاء تک - لاہور - ۱۹۷۰ء ص ۱۳۱
۳- مئے لالہ فام - ص ۷۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ تیسرے مرحلہ کا ابتدائی اقدام تھا۔ تحریک پاکستان میں علامہ کی خدمات کا آخری اور تابناک دور وہ تھا جب انھوں نے عملی سیاست کے خارزار میں قدم رکھتے ہوئے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ لیکن مسلم لیگ میں علامہ کی شمولیت اور اس کا پس منظر بیان کرنے سے پہلے علامہ کے ایک خط کا ذکر ضروری ہے جس سے اس دور میں علامہ کے جذبات و احساسات کا اندازہ ہوگا۔ یہ خط علامہ نے مولوی صالح محمد صاحب کے نام ۲۲ اپریل ۱۹۳۱ء کو تحریر کیا۔ لکھتے ہیں :

''میں سمجھتا ہوں کہ مسلمانوں کو ابھی تک اس کا احساس نہیں کہ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے۔ اس ملک ہندوستان میں کیا ہو رہا ہے اور اگر وقت پر موجودہ حالت کی اصلاح کی طرف توجہ نہ کی گئی تو مسلمانوں اور اسلام کا مستقبل اس ملک میں کیا ہوگا۔ ہم تو اپنا زمانہ حقیقت میں ختم کرچکے۔ آئندہ نسلوں کی فکر کرنا ہمارا فرض ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ان کی زندگی گونڈ اور بھیل اقوام کی طرح فنا ہو جائے۔ اگر ان مقاصد کی تکمیل کے لئے مجھے اپنے کام چھوڑ نے پڑے تو انشاءاللہ چھوڑ دوں گا اور اپنی زندگی کے باقی ایام اسی ایک مقصد جلیل کے لئے وقف کردوں گا ۔۔۔ ہم سب لوگ قیامت کے روز خدا اور رسولؐ کے سامنے جوابدہ ہوں گے۔''۱

۱۹۳۶ء میں پنجاب مسلم لیگ کی صدارت قبول کرنا، بظاہر علامہ کی زندگی کا کوئی غیر معمولی واقعہ نہیں۔ کیونکہ اس زمانے میں وہ بیمار تھے اور کسی قسم کی عملی اور نمایاں سیاسی سرگرمی میں شرکت سے معذور تھے۔ وہ نہ تو لیگ کو منظم کرنے کے لئے پنجاب کے دور دراز علاقوں کے دورے کر سکے اور نہ ہی انھوں نے دھواں دھار تقاریر کیں مگر لیگ میں صرف

---

۱۔ اقبال نامہ۔ جلد دوم۔ ص ۳۸۷ - ۳۸۸۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کی شمولیت ہی تحریک پاکستان کا بڑا تاریخی واقعہ ہے جس کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے اس دور کے سیاسی پس منظر پر نظر ڈالنا ضروری ہے۔

اس دور میں اگرچہ مسلمانوں کی بہت سی سیاسی جماعتیں میدان عمل میں موجود تھیں اور اسمبلیوں اور حکومت کے اداروں میں بھی مسلمان نمائندے شریک کار تھے لیکن ان میں سے بیشتر افراد کا عام مسلمانوں سے کوئی تعلق نہ ہوتا تھا اور وہ مسلمان لیڈروں کے ناموں تک سے واقف نہ تھے۔ بقول ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی: ''جناح کا نام بھی اکثر لوگوں نے نہ سنا تھا،،۱ اس ضمن میں صدیق علی خاں لکھتے ہیں:

''اس زمانے میں عام طور پر اکثر و بیشتر ایسے مسلمان نمائندے منتخب کئے جاتے تھے جو پنشن یافتہ ہوتے یا خطاب یافتہ۔ ظاہر ہے کہ ان میں سوائے چند کے سب کو رائے دہندگی کی وہ آزادی حاصل نہ تھی جو قوم کے ایک آزاد فرد کو ہونی چاہئے۔ ان بیچاروں پر اعلیٰ انگریزی حکام جنہوں نے ان کے حصول مراتب میں مدد کی تھی، ہمیشہ اثر انداز ہوئے اور اس لئے یہ صاحبان قومی و ملکی مفاد کو بسا اوقات پس پشت ڈال کر انگریزوں کی مزید خوش نودی حاصل کرنے کے لئے ان کی ہاں میں ہاں ملاتے اور کبھی بھولے سے بھی انگریزوں کی مخالفت کی ہمت نہ کرتے۔،،۲

جہاں تک جماعتوں کا تعلق ہے مسلم لیگ، مسلمانوں کی سب سے بڑی اور نمائندہ جماعت کہلاتی تھی، اس کا انتشار اور داخلی بدنظمی ناگفتنی تھی۔ اس ضمن میں سید نور احمد نے بعض ناگفتہ بہ واقعات بیان کئے ہیں۳ اقبال نے سید سلیمان ندوی کو ایک خط (۱۷ ستمبر ۱۹۳۳ء) میں لکھا:-

---

۱- اقبال کے آخری دو سال ص ۳۶۴

۲- بے تیغ سپاہی- کراچی- ۱۹۷۱ء- ص ۲۳-۲۴

۳- مارشل لاء سے مارشل لاء تک، لاہور، ص ۱۳۱ تا ۱۴۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''میں خود مسلمانوں کے انتشار سے بے حد درد مند ہوں اور گذشتہ چار پانچ سال کے تجربہ نے مجھے سخت افسردہ کردیا ہے۔۔۔ مسلمانوں کا مغرب زدہ طبقہ پست فطرت ہے،،۱

مسلم لیگ ان کے بقول ''مسلمانوں کے بالائی طبقوں کی ایک جماعت،، تھی جس کا پنجاب کے '' عوام کے ساتھ کوئی ربط و ضبط نہیں تھا اور اکثر و بیشتر لوگ، اس کے نام اور کام سے بالکل نا آشنا تھے۔،،۲ پنجاب کی سیاست پر یونینسٹ پارٹی چھائی ہوئی تھی۔ ۱۹۳۶ء میں جب سر فضل حسین نے یونینسٹ پارٹی کے دور جدید کا افتتاح کیا تو انہوں نے اپنے بعض پرانے دوستوں اور رفقائے کار کو بھی اس میں شمولیت کی دعوت دی۔ ان میں ملک برکت علی بھی شامل تھے۔ ملک برکت علی نے سر فضل حسین کو دعوت شمولیت کا جو جواب دیا، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اقتدار پرست مسلم زعماء کے علاوہ باقی مسلمان لیڈر، پنجاب کی سیاست سے بے حد بد دل، برداشتہ خاطر اور تقریباً مایوس ہوچکے تھے۔ ملک برکت علی نے سر فضل حسین کے نام خط میں لکھا:

''ہم نے مجبوراً اور تنگ آکر قومی خدمت کے میدان سے کنارہ کشی اختیار کرلی ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ کونسا درد مند دل ہے جو اس افسوس ناک صورت حال پر آٹھ آٹھ آنسو نہیں روتا جسے آپ کی لیڈر شپ نے پیدا کردیا ہے اور جس کی وجہ سے ہم لوگ صوبے کی خدمت اور اس کے وقار کو بلند کرنے کی تمام کوششوں سے محروم ہوگئے ہیں۔،،۳

یہ مایوس کن فضا تھی جب اپریل ۱۹۳۶ء میں قائد اعظم پنجاب میں

---

۱۔ اقبال نامہ۔ جلد اوّل۔ ص ۱۹۹

۲۔ ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی۔ اقبال کے آخری دو سال۔ ص ۲۰۴

۳۔ اقبال کے آخری دو سال۔ ص ۲۰۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلم لیگ پارلیمینٹری بورڈ کے قیام کے لئے لاہور پہنچے۔ ان کا قیام بھی مشہور یونینسٹ احمد یار خاں دولتانہ کے مکان پر تھا۔ سر فضل حسین سے قائد اعظم کی ملاقات ناکام ہوگئی کیونکہ وہ کسی قیمت پر بھی یونینسٹ پارٹی کو توڑنے پر رضامند نہیں تھے۔ چنانچہ قائد اعظم، علامہ اقبال کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ جانتے تھے کہ علامہ عملی سیاست کے آدمی نہیں اور وہ عملی سیاست میں اس سے پہلے جو تھوڑا بہت حصہ لیتے رہے، اب اس سے بھی دست کش ہو چکے ہیں۔ پھر وہ دو سال سے مستقلاً بیمار چلے آرہے تھے اور اس طویل علالت نے ان کی عملی زندگی تقریباً ختم کردی تھی مگر اس کے باوجود انھوں نے پنجاب لیگ کی صدارت قبول کرلی۱ اور قائد اعظم کو اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا۔

شاید آج اس کا اندازہ نہ لگایا جا سکے کہ علامہ کا یہ اقدام مسلم لیگ اور تحریک پاکستان کے لئے کس قدر تقویت کا باعث بنا مگر یہ حقیقت ہے کہ پنجاب میں مسلم لیگ کے تعارف اور (بعد ازاں) مطالبۂ پاکستان کی مقبولیت میں اقبال کے نام کو کلید کی حیثیت حاصل تھی۔ ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی اس دور کے الیکشن میں اپنے تجربات کے ضمن میں لکھتے ہیں :

''سب سے بڑی دقت یہ تھی کہ لوگ مسلم لیگ کے نام اور کام سے قطعاً نا آشنا تھے۔ جناح کا نام بھی اکثر لوگوں نے نہیں سنا تھا۔ البتہ اقبال کا نام ایک ایسا کھرا سکہ تھا جسے ہم بے دریغ چلاتے تھے۔ میں نے انھیں دلوں محسوس کیا کہ اقبال صرف پڑھے لکھے لوگوں ہی میں نہیں بلکہ عوام میں بھی کتنا مقبول تھا۔''۲

---

۱- ویسے تو اقبال اپنے قیام انگلستان (۱۹۰۸ء) کے زمانے میں بھی مسلم لیگ میں شامل ہوئے، لندن میں اس کی شاخ سید امیر علی نے قائم کی تھی۔ (ملاحظہ ہو ''اقبال ریویو''، کراچی۔ جنوری ۱۹۷۳ء) مگر یہ شمولیت وقتی اور رسمی تھی۔

۲- اقبال کے آخری دو سال۔ ص ۳۶۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پنجاب لیگ کی صدارت قبول کرنے کے بعد انھوں نے صوبے میں مسلم لیگ کو منظم کرنے اور انتخابات کا پروگرام بنانے میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ علامہ اقبال، پارٹی کے بعض اجلاسوں میں بذات خود شریک ہوتے، کارکنوں کو دورے کرنے اور ہر جگہ مقامی شاخیں قائم کرنے کی تاکید کرتے اور انھیں عوام سے ربط ضبط بڑھانے کی مختلف تدبیریں سجھاتے۔" اپنی بیماری اور نقاہت کے باوجود سارے کام کی ایک ایک تفصیل بغور ملاحظہ فرماتے تھے۔[۱۰]

پنجاب مسلم لیگ کے لئے اپنی وفات سے پہلے دو سال تک علامہ نے جس توجہ، دلچسپی اور جوش و خروش کے ساتھ پنجاب مسلم لیگ اور تحریک پاکستان کے لئے کام کیا، ان کی افتاد طبع اور بیماری کو دیکھتے ہوئے حیرت ہوتی ہے کہ ان کے اندر ایسی تندھی او مستعدی کہاں سے آگئی تھی۔ بستر مرگ پر بھی مسلمانوں کے لئے ان کی درد مندی و دلسوزی اور ولولہ و جوش اس سالار قافلہ کا سا تھا جو نہ دن کو سکون سے بیٹھتا ہے اور نہ رات کو آرام کی نیند سوتا ہے۔ اس کی رات اپنے قافلے کو منزل مقصود تک بخیریت پہنچانے کی تدبیریں سوچتے ہوئے کٹتی ہے اور دن ان تدبیروں کو بروئے کار لانے میں گزر جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں جناح کے نام ان کے خطوط بڑی اہمیت کے حامل ہیں جو علامہ کے ولولوں، آرزوؤں اور مضطرب جذبوں کو بخوبی واضح کرتے ہیں۔ انھوں نے اپنی امیدیں جناح سے وابستہ کردی تھیں۔ اور قومی اور سیاسی زندگی کے مختلف مرحلوں میں انھیں اپنی تجاویز اور مشورے بھیجتے رہے اور بار بار ان تجاویز کو بروئے کار لانے کی تاکید کرتے رہے۔ سکندر جناح پیکٹ کے نتیجہ میں سر سکندر (جو یونینسٹ تھے) لیگ پر قبضہ کرنے کی فکر میں تھے اقبال نے ان کے عزائم سے جناح کو ۱۰ نومبر ۱۹۳۷ء کے خط میں آگاہ کیا۔ لیگ کا سالانہ اجلاس لاہور میں منعقد کرنے کے لئے

---

۱۰۔ ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی۔ اقبال کے آخری دو سال۔ ص ۳۱۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بار بار جناح کو لکھا کیونکہ پنجاب میں لیگ کی مقبولیت کے لئے لاہور میں جلسے کا انعقاد ضروری تھا۔ جب یہ اجلاس لاہور کے بجائے کلکتے میں منعقد ہونا قرار پایا تو علامہ کو بڑا دکھ ہوا۔ ۱۹۳۷ء کے الیکشن میں کانگریس کی کامیابی پر نہرو نے دھلی میں آل انڈیا نیشنل کنونشن منعقد کرنے کا اعلان کیا تو علامہ نے فوراً جناح کے نام ۲۰ مارچ ۱۹۳۷ء کے خط میں آل انڈیا مسلم کنونشن منعقد کرنے کی تجویز پیش کی۔ ۲۲ اپریل ۱۹۳۷ء کے خط میں کنونشن کے انعقاد پر پھر زور دیا۔ ۲۸ مئی ۱۹۳۷ء کے خط میں لیگ کو، جو علامہ کے خیال میں ابھی تک ''ہندوستانی مسلمانوں کے بالائی طبقوں کی ایک تنظیم،، تھی، مسلمان عوام کی جماعت بنانے پر زور دیا جنھوں نے ''اب تک لیگ میں کوئی دلچسپی نہیں لی تھی،،۔ ۲۱ جون ۱۹۳۷ء کے خط میں مجوزہ پاکستان کو زیادہ واضح شکل میں پیش کیا :۔

> ''جب تک مسلم اکثریت کے صوبوں کا علیحدہ فیڈریشن قائم نہ ہو، ہندوستان میں امن قائم نہیں رہ سکتا ---۔ ذاتی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ بحالت موجودہ شمال مغربی ہندوستان اور بنگال کے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اقلیت کے صوبوں کو نظر انداز کردیں۔ اکثریت اور اقلیت کے صوبوں کے مسلمانوں کے باھمی مفاد کے لئے یہ طرز عمل بہترین ثابت ہوگا۔،،

غرض ان خطوں میں ایک ایسا دل دھڑکتا نظر آتا ہے جو اسلام اور مسلمانوں کی درد مندی اور دلسوزی سے لبریز ہے۔ حتی کہ علامہ جیل جانے کے لئے بھی تیار ھیں۔ ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی، جو علامہ کے پنجاب لیگ کے دو سالہ دور صدارت میں باقاعدہ مسلم لیگ میں شامل رہے اور جنھیں علامہ کی زیر نگرانی کام کرنے کا فخر حاصل ہے۔ علامہ کے آخری دور کے جذبات کو ان الفاظ میں بیان کرتے ھیں :

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(زندگی کے آخری) "برسوں میں اقبال، وہ پرانا اقبال نہیں رہا تھا جو اس (سیاسیات کے) خار زار میں پھونک پھونک کر قدم رکھنے کا عادی تھا۔ اب اقبال سول نافرمانی میں شریک ہونے، قید و بند کے شدائد برداشت کرنے اور سینے پر گولی کھانے کو آمادہ تھا۔"۱

دلچسپ بات یہ ہے کہ جوں جوں علامہ موت کی دھلیز کی طرف قدم بڑھا رہے تھے، ان کے جوش و خروش اور دردمندی میں اضافہ ہوتا جارہا تھا۔ اس ضمن میں ڈاکٹر بٹالوی نے ایک واقعہ نقل کیا ہے جو اگرچہ مسلم لیگ کی سر گرمیوں سے براہ راست متعلق نہیں لیکن یہ علامہ کی اس لگن اور جوش و خروش کو ظاہر کرتا ہے جو انھیں ہندوستانی مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور ان کے مستقبل سے تھی — ڈاکٹر بٹالوی لکھتے ہیں :

"جب ۲۶ جنوری ۱۹۳۸ء کو ھائی کورٹ کے فل بنچ نے مسجد شہید گنج کی اپیل خارج کردی تو مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا ہو گیا تھا اور بڑے بڑے احتجاجی جلوس نکلنا شروع ہو گئے تھے۔ اسی شام غلام رسول خاں نے ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اب کیا کرنا چاہئیے تو ڈاکٹر صاحب رو پڑے اور کہنے لگے: "مجھ سے کیا پوچھتے ہو۔ میری چارپائی کو اپنے کندھوں پر اٹھاؤ اور اس طرف لے چلو، جس طرف مسلمان جا رہے ہیں۔ اگر گولی چلی تو میں بھی ان کے ساتھ مروں گا۔"۲

یہ علامہ کا بڑا ایثار تھا کہ وہ ایک خاموش طبع اور گوشہ گیر قسم کے آدمی ہوتے ہوئے بھی مسلمانوں کی بھلائی کی خاطر جیل جانے اور گولی کھانے کی بات کرنے لگے۔ اس مرحلہ پر قدرت نے انھیں اپنے پاس بلالیا۔ کچھ عجب نہیں کہ اگر انھیں حیات مستعار کی چند گھڑیاں اور نصیب ہوتیں

---

۱ - اقبال کے آخری دوسال - ص ۵۵۲

۲ - اقبال کے آخری دو سال - ص ۵۵۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و وہ اس ایثار اور قربانی کا عملی مظاہرہ کرتے اور اس طرح وہ تحریک پاکستان یں اپنے حصے میں کچھ اور مؤثر اقدامات کا اضافہ کرجاتے۔

گذشتہ دو تین صدیوں میں ہندوستان کے مسلمانوں پر مندرجہ ذیل مدید حادثے گذرے :

۱۷۶۱ء - جنگ پلاسی

۱۷۹۹ء - ٹیپو سلطان کی شہادت

۱۸۵۷ء - جنگ آزادی میں ناکامی

۱۸۶۷ء - ہندؤں کی طرف سے اردو کی مخالفت کا آغاز

۱۹۱۱ء - تقسیم بنگال کی تنسیخ

۱۹۲۰ء - ھجرت اور خلافت کی ناکام تحریکیں

۱۹۲۶ء - شدھی کی تحریک اور فسادات

۱۹۳۷ء - کانگریس کی صوبائی حکومتوں کا قیام

اس پس منظر میں تحریک پاکستان کے لئے تین مرحلوں میں اقبال کے کام کا مطالعہ کیا جائے تو ان کی خدمات کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔انہوں نے سلمانوں کو آزادی کی قدرو قیمت کا احساس دلایا۔ مسلم لیگ کو اس کی ظریاتی بنیاد فراہم کرکے دی اور پاکستان کا تصور اجاگر ہی نہیں کیا بلکہ اس کی وجہ جواز بھی مہیا کی۔ یہ ساری جدوجہد ان کا ایک زبردست سیاسی کارنامہ ہے ۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کے بقول :

"تاریخ میں بہت کم ایسے شاعر ہوئے ہیں جنہوں نے اتنا گہرا اثر ڈالا ہو جتنا اقبال نے بر صغیر کے مسلمانوں پر ڈالا ۔"[۱]

اس اثر کو سمیٹ کر ایک منظم شکل دینے اور اس سے کوئی ٹھوس اور دیرپا نتیجہ یا انقلاب پیدا کرنے کے لئے برصغیر، ابھی تک کسی "دانائے راز" کا منتظر ہے۔

———

۱- برصغیر پاک و ہند کی ملت اسلامیہ۔ ص ۳۴۲

© rasailojaraid.com